# ماڈل پیپر اسلامیات لازمی۔ دہم

## حصہ۔الف

وقت:15منٹ نمبر:10

1۔ وَإِذْ قَالَتْ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ يَا أَهْلَ يَثْرِبَ: آیت کریمہ میں اہل یثرب سے مراد ہیں:

الف)اہلِ طائف ب)اہلِ مکہ ج)اہلِ مدینہ اہلِ تبوک

2۔ نبی اکرم ﷺ نے نکاح کر کے لے پالک کے بارے میں زمانہ جاہلیت کے غلط رواج کو عملی مثال کے ذریعے ختم کیا:

الف)حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے ب)حضرت زینب رضی اللہ عنہا سے ج)حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے د)حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے

3۔غزوہ احزاب کا دوسرا نام ہے:

الف)غزوہ بنی مصطلق ب)غزوہ حُنین ج)غزوہ بنو قریظہ د)غزوہ خندق

4۔ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ آیت کریمہ کے مطابق اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے:

الف)انصاف کرنے والوں کو ب)ذکر کرنے والوں کو ج)نماز پڑھنے والوں کو د)صدقہ کرنے والوں کو

5۔حدیثِ مُبارکہ میں دین کا ستون قرار دیا گیا ہے:

الف)حج کو ب)روزہ کو ج)زکوٰۃ کو د)نماز کو

6۔مصارفِ زکوٰۃ کی تعداد ہے:

الف)چار ب)چھ ج)آٹھ د)دس

Result.pk

7۔ حضرت ایوب علیہ السلام کو 'نعم العبد' قرار دیا گیا:

الف)شکر کرنے کی وجہ سے ب)صبر کرنے کی وجہ سے ج)انصاف کرنے کی وجہ سے د)صدقہ کرنے کی وجہ سے

8۔ فَلَا تَقُلْ لَهُمَا أُفٍّ آیت کریمہ میں حکم دیا گیا ہے:

الف)والدین کے متعلق ب)پڑوسیوں کے متعلق ج)یتیموں کے متعلق د)اولاد کے متعلق

9۔حکمت و بصیرت سے دین کی دعوت و تبلیغ کرنا جہاد ہے:

الف)جہاد بالنفس ب)جہاد بالمال ج)جہاد بالعلم د)جہاد بالسیف

10۔"قصاص" سزا ہے:

الف)بدکاری کی ب)قتل کی ج)چوری کی د)ڈاکہ زنی کی

**وقت:** 1 گھنٹے 45 منٹ

## حصہ۔ب

**نمبر:** 24

**1۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف 6 سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ ہر سوال کے 4 نمبر ہیں۔**

1۔ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللَّهَ وَلَا تُطِعِ الْكَافِرِينَ وَالْمُنَافِقِينَ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيمًا حَكِيمًا: ترجمہ کریں۔ منافق کسے کہتے ہیں؟

2۔ سورۃ الاحزاب میں جن رشتہ داروں سے پردہ نہ کرنے کی اجازت ہے ان میں سے چار کے نام لکھیں۔

3۔ إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا ترجمہ کریں۔ حدیث مبارکہ کی رُو سے درود شریف پڑھنے کے دو فضائل لکھیں۔

4۔ سورۃ الممتحنہ کے مطابق نبی کریم ﷺ کو مسلمان عورتوں سے جن شرائط پر بیعت کا حکم دیا گیا ہے ان میں سے چار شرائط لکھیں؟

5۔ اَلصَّلاۃُ عِمادُ الدِّینِ مَنْ اَقَامَها فَقدْ أَقَامَ الدِّینَ،وَمنْ هَدمَها فَقَد هَدَمَ الدِّینَ حدیث مبارکہ کا ترجمہ کریں۔ نماز اور فلاح کی طرف بلانے والے کو کیا کہتے ہیں؟

6۔ کُل مال میں کتنے فی صد زکوٰۃ واجب ہے؟ صاحبِ نصاب سے کیا مراد ہے؟ دو مصارفِ زکوٰۃ کے نام لکھ کر وضاحت تحریر کریں؟

7۔ عائلی زندگی سے کیا مراد ہے؟ احسان کا لغوی مطلب کیا ہے؟ قرآنِ مجید میں احسان کا لفظ کس کے لئے اور کیوں استعمال کیا گیا ہے؟

8۔ نبی اکرم ﷺ نے خطبہ حجۃ الوداع کے موقع پر عورتوں کے جو حقوق ارشاد فرمائے ان میں سے چار حقوق تحریر کریں۔

## حصہ۔ج

**نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے صرف 2 سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔**

**نمبر:** 16

Result.pk

2۔ الف۔ وَمَا جَعَلَ أَزْوَاجَكُمُ اللَّائِي تُظَاهِرُونَ مِنْهُنَّ أُمَّهَاتِكُمْ وَمَا جَعَلَ أَدْعِيَاءَكُمْ أَبْنَاءَكُمْ ذَلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِأَفْوَاهِكُمْ آیت کریمہ کا ترجمہ کریں۔ آیت کریمہ میں کون سے دو احکام دیئے گئے ہیں؟

ب۔ قرآن و سنّت کی روشنی میں بیوی کے دو فرائض اور دو حقوق تحریر کریں۔

3۔ الف۔ لِلصَّائِمِ فَرْحَتَانِ فَرْحَةٌ عِنْدَ فِطْرِهِ وَفَرْحَةٌ عِنْدَ لِقَاءِ رَبِّهِ حدیث مبارکہ کا ترجمہ کریں۔ افطار کے وقت کی خوشی سے کیا مراد ہے؟

ب۔ سورۃ الممتحنہ میں کن لوگوں سے دوستی کرنے سے منع کیا گیا ہے؟

4۔ الف۔ وقَرْنَ فِي بُيُوتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْأُولَى وَأَقِمْنَ الصَّلَاةَ وَآتِينَ الزَّكَاةَ وَأَطِعْنَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ: آیت کریمہ میں مومنین عورتوں کو دی گئی ہدایات میں سے چار تحریر کریں۔

ب۔ شکر کا لغوی معنیٰ کیا ہے؟ شکر ادا کرنے کے تین طریقے تحریر کریں۔